سوال

(17)قرب قیامت حضرت عیسیٰ کی آمد

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ملتان سے زبیر صدیق دریافت کرتے ہیں کہ قرب قیامت کے وقت حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی آمد کسی حیثیت سے ہوگی وہ نبی کی حیثیت سے تشریف لائیں گے یا ایک امتی کی حیثیت سے اگروہ امتی بن کر آئیں گے توان سے نبوت کیوں چھینی گئی ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے جتنے بھی انبیاء تشریف لائے ہیں وہ ایک وقت مقررہ تک کےلئے ایک خاص قوم کی طرف معبوث ہوئے تھے جبکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت قیامت تک کےلئے ہے اورتمام لوگوں کےلئے ہے اورحضرت عیسیٰ علیہ السلام کے دوبارہ زمین پر تشریف لانے کا عقیدہ بھی صحیح احادیث سے ثابت ہے، اس کا مطلب یہ ہے کہ ان کےلئے نبی ہونے کا اعزاز اوراہلیت باقی رہے گی، البتہ نبی ہونے کے باوجوداس آخرالزمان صلی اللہ علیہ وسلم کی امت سے ہوں گے اوراسی دین کے مطابق زندگی بسر کریں گے کیونکہ ان کی نبوت کےلئے ایک وقت تھا جوپورا ہوچکا ہے، اب دوبارہ اس منصب پر فائز نہیں ہوں گے یعنی عیسائیت کورواج نہیں دیں گے بلکہ دین اسلام کو فروغ دینے کےلئے اپنی توانائیاں صرف کریں گے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاوی اصحاب الحدیث

جلد:1 صفحہ:54